for more materials visit www.educationobserver.com/forum

Series : SKS/1

کوڈ نمبر
Code No. **263/1/1**

Roll No. ☐☐☐☐☐☐☐ رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ لیجئے کہ اِس پرچہ میں چھپے ہوئے صفحات کی تعداد 6 ہے۔
- پرچہ کے اُوپر دائیں طرف چھپا کوڈ نمبر آپ کو اپنی جواب کاپی کے باہری صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- تصدیق کر لیجئے کہ اِس پرچہ میں چھپے سوالوں کی تعداد 30 ہے۔
- **کسی سوال کا جواب لِکھنا شروع کرنے سے پہلے اُسکا پرچہ کے مطابق سلسلہ وار نمبر جواب کی کاپی میں لکھ دیجئے۔**
- آپکو پرچہ کے سوال پڑھنے کے لئے 15 منٹ کا مزید وقت دیا گیا ہے۔ 10 بجکر 15 منٹ پر پرچہ طلبا میں بانٹ دیا جائیگا۔ 10 بجکر 15 منٹ سے 10 بجکر 30 منٹ تک کا وقت آپ فقط پرچہ کے سوال پڑھنے کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔ اِس دوران میں آپ سوالوں کے جواب لِکھنا شروع نہیں کر سکتے۔

- Please check that this question paper contains **6** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **30** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 Minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# کاروباری علُوم (عِلمِ تجارت)

# BUSINESS STUDIES

حاصل وقت : 3 گھنٹے
*Time allowed : 3 hours]*

کُل نمبر : 90
*[Maximum marks : 90*

**عام ہدایات :**

(i) **1** نمبر کے سوال کا جواب **1 لفظ** سے **1 فقرہ** تک ہوسکتا ہے۔

(ii) **3** نمبروں کے سوال کا جواب **50** سے **75** الفاظ تک ہوسکتا ہے۔

(iii) **4** یا **5** نمبروں کے سوال کا جواب لگ بھگ **150** الفاظ تک ہوگا۔

(iv) **6** نمبروں کے سوال کا جواب لگ بھگ **200** الفاظ تک ہوگا۔

(v) کِسی ایک سوال کے سبھی حِصّوں کے جواب، جواب کاپی میں ساتھ ساتھ لکھئے۔

for more materials visit www.educationobserver.com/forum

1. 'بھرتی' کی اصطلاحی تعریف لکھیے۔ 1

2. ترغیب دینے (Motivation) کو ایک پیچیدا عمل کیوں کہا جاتا ہے؟ 1

3. انتظام کاری کے کس لیول پر ہدایت کاری عمل میں آتی ہے؟ 1

4. نگرانی (Controlling) کے عمل میں اُس وقت کیا کیا جانا چاہیئے جب 'درست کاری' کے دوران خاص طور پر اہم معاملوں میں کوتاہی معان حد کو پار کر جاتی ہے۔ 1

5. بتایئے کہ 'کام بڑھنے کی امید' کسی کمپنی کی کام کاری پونجی کو کس طرح اثرانداز کرتی ہے؟ 1

6. 'مالی انتظام' کا اولین مقصد کیا ہوتا ہے؟ 1

7. 'زر بازار' کے معنی بیان کیجئے۔ 1

8. مالی بازار کے 'متعیّن کاری' (allocative) عمل پر ٹھیک سے کام کیئے جانے کا کوئی ایک نتیجہ بیان کیجئے۔ 1

9. بازار کاری کو ایک سماجی عمل کیوں کہا جاتا ہے؟ 1

10. بازاری انتظام کی فلاسفی کے 'اہم نقطہ' کی بنا پر 'فروخت نظریہ' اور 'بازارکاری نظریہ' میں فرق کیجئے۔ 1

11. داوئی کی رقم 25 ₹ لاکھ ہونے پر کسی وفات زدہ صارف کا قانونی وارث یا نمائندہ تین لیول کے بندوبست میں کہاں شکایت درج کروا سکیگا؟ 1

for more materials visit www.educationobserver.com/forum

12. پرگیا نے 1,500 ₹ میں ایک اچھی نام یافتہ (branded) قِسم کی اِستری خریدی جسے استعمال کرنے پر بجلی کا جھٹکہ لگا۔ پرگیا اپنے 'حق' کا استعمال کرنا چاہتی ہے۔ اُس 'حق' کی پہچان پیش کیجئے جس کے زیر اُس کی حفاظت کی جا سکتی ہے۔ 1

13. انتظام کے اُس اصول کا نام بتایئے اور اُس کی وضاحت کیجئے جسکے مطابق ایک منتظم کو اپنے کارندوں سے بات چیت کرتے وقت 'مَیں' کی جگہ 'ہم' کا استعمال کرنا ہوگا۔ 3

14. سائنسی انتظام کے اصول کے طور پر 'مطابقت نا کہ ٹکراوٗ' (Harmony Not Discord) کی وضاحت کیجئے۔ 3

15. منصوبوں کی ایک قِسم کے طور پر 'مقاصِد' کی تشریح کیجئے۔ 3

16. مندرجہ ذیل کو منصوبہ بندی کے اوصاف کی شکل میں واضح کیجئے :
(i) منصوبہ بندی لگاتار چلتی ہے؛ اور
(ii) منصوبہ بندی مستقبِل رُخی ہوتی ہے۔ 3

17. دانتوں کے لیئے پیسٹ اور برش بنانے والی کمپنی 'الفا انٹرپرائز' نے اجے کو بطور سربرا ملازم رکھا۔ اجے کا فروخت کاری کا نشانہ تھا 2000 اِکائیاں فی ماہ۔ اِس نشانہ کو حاصل کرنے کے لیئے بانٹ کے مختلف راستوں کا سوچنے کے ساتھ ساتھ اجے نے پِچھڑے علاقوں میں سکولوں میں گھومنا بھی شروع کر دیا۔ اُس نے پایا کہ مختلف اقدام لینے اور کچھ سکولی بچوں کو صلاح دینے کے باوجود سکول کے بچوں نے دانتوں کو بُرش کرنا نہیں شروع کیا۔ اجے نے تفتیش کرنے پر پایا کہ یہ بچے بُرش اور دانتوں کے پیسٹ خرید نہیں پاتے۔ اِس لیئے واجب اجازت کے بعد اُسنے فی ماہ 200 بُرش اور دانتوں کی پیسٹ سکول میں مفت بانٹنے شروع کر دیئے۔
(i) دانتوں کی پیسٹ اور بُرش مُفت بانٹنے کے اجے کے استعمال کردہ راستوں کی پہچان پیش کیجئے اور اس کے صحیح ہونے کی وجہ بتایئے۔
(ii) کوئی دو ایسی قدریں بھی بیان کیجئے جو اجے سوسائٹی کے سامنے رکھنا چاہیگا۔ 3

for more materials visit www.educationobserver.com/forum

18. 'اگرچہ اشیا کو کِسی برینڈ (Brand) سے نامزد کرنے سے لاگت بڑھتی ہے تو بھی یہ طریقہ صارفوں کے لیئے کئی فائدے پیدا کرتا ہے۔' اِس بیان کی روشنی میں صارفوں کے لیئے برینڈ کاری کے کوئی تین فائدے بیان کیجئے۔ 3

19. مُنظم کاری کے عمل کے اقدام بیان کیجئے۔ 4

20. ذیلی باتوں کی بنا پر 'سپُرد کاری' اور 'غیر مرکز کاری' میں فرق کیجئے :
(i) مقصد (Purpose)؛
(ii) پھیلاؤ کا علاقہ (Scope)؛
(iii) حالت (Status)؛
(iv) خصلت (Nature)۔ 4

21. 'دیرپا پونجی کاری کا فیصلہ' کیا معنی رکھتا ہے؟ دیرپا پونجی کاری کے فیصلوں کو اثرانداز کرنے والے کنھی تین عاملوں کو بیان کیجئے۔ 4

22. کاروبار کے لحاظ سے صارف کی حفاظت کی اہمیت مُتعلقہ کنھی چار باتوں کو واضح کیجئے۔ 4

23. انتظام دِن بدن اہمیت پکڑ رہا ہے اِس بات کی تشریح کے لیئے کوئی پانچ وجوہات واضح کیجئے۔ 5

24. عدالت نے حکم دیا کہ سبھی سکول سکولی بچّوں کے لیئے 'پانی صاف کرنے کے طریق' لازمی طور پر مہیا کریں، کیونکہ -
(i) عام سوسائیٹی لوگوں کی زندگی کا معیار اونچا کرنے کے لیئے فِکر مند ہے؛
(ii) پانی صاف کاروں کی تجارتی بناوٹ کے لیئے نئے نئے طریقوں کی ایجاد ہو رہی ہے؛
(iii) تنخواہیں بڑھ رہی ہیں اور بچے گھروں میں بھی صاف کردہ پانی ہی استعمال کر رہے ہیں۔
پانی صاف کرنے کی مشینوں کے کاروبار کے لیئے سرکار کا رویہ بھی مثبتی ہے۔
مذکورہ پیراگراف کی لائینوں سے اِشارہ کرتے ہوئے کاروباری ماحول کے مختلف پہلوؤں کو ظاہر کیجئے۔ 5

for more materials visit www.educationobserver.com/forum

.25 کپڑوں کی ایک کمپنی میں نشانت ڈائریکٹر بنائے گئے ہیں۔ وہ اپنی کپڑوں کی ایک اِکائی کے بے کار مال سے تھیلے بنانے کا منصوبہ رکھتے ہیں۔ اُس نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ تھیلے بنانے کی اِکائی اُڑیسہ کے ایک دیہاتی علاقہ میں ہوگی جہاں لوگوں کو بہت کم کام کے موقعے ملتے ہیں اور کام کار بہت کم اُجرت پر مل جاتے ہیں۔ اُس نے یہ بھی سوچا ہے کہ وہ آدمیوں اور عورتوں کو یکساں موقع دیگا۔

اس پلان کے لیئے اُسے فروخت، کھاتہ کاری، خرید اور پیداکاری کے چار سربرا چاہیے تھے۔ اِسکے لیئے اُس نے ایک اشتہار دیا اور چُنائی کے مختلف امتحانوں کے بعد فی جگہ دس دس امیدواروں کی مختصر فہرست بنائی۔

(i) امیدواروں کی مختصر فہرستوں میں سے بہتریں امیدوار چُننے کے لیئے تین اور اقدام کی پہچان کر اُنہیں بیان کیجئے۔

(ii) دو ایسی قدروں کی پہچان بھی کیجئے جو اِس فیکٹری کو قائم کرنے سے نشانت سوسائیٹی کو پیش کرنا چاہتا ہے۔ 5

.26 'منصوبہ بندی اور بندوبست دو نہ الگ ہو سکنے والے انتظام کے پہلو ہیں' واضح کیجئے کہ کیسے۔ 5

.27 'سبھی تنظیموں میں کارگر خبر رسائی کے راستوں میں تھوڑی بہت بندشیں پائی جاتی ہیں'۔ اِن بندِشوں سے نپٹنے کے لیئے کوئی چھ طریقے بیان کیجئے۔ 6

**یا**

'اپنے کئی عملوں سے سُپر وائی زر ایک تنظیم میں بہت اہم جگہ رکھتا ہے'۔ ایسے کوئی چھ عمل بیان کیجئے۔

.28 'ڈی وی ڈینڈ (Dividend) کا فیصلہ' کیا معنی رکھتا ہے؟ کوئی چار اُیسے عمل واضح کیجئے جو کمپنی کے ڈی وی ڈینڈ کے فیصلے کو اثرانداز کرتے ہوں۔ 6

**یا**

'مالی منصوبہ بندی' کے کیا معنی ہیں؟ کوئی پانچ ایسے نقاط واضح کیجئے جو مالی منصوبہ بندی کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوں۔

for more materials visit www.educationobserver.com/forum

29. اسٹاک مبادلہ کے کِنھی چار کاموں کی وضاحت کیجیے۔ 6

**یا**

زر بازار کے مندرجہ ذیل پہلوؤں کی وضاحت کیجیے :

(i) مانگا زر (Call Money)

(ii) خزانہ متعلقہ بل (Treasury Bill)

(iii) کمرشیل پیپر (Commercial Paper)

(iv) بچت سرٹیفکیٹ (Certificate of Deposit)

30. شخصی فروخت کے نظریہ کو واضح کیجیے اور اچھے سیلز مَین کے کِنھی چار خواص کی وضاحت کیجیے۔ 6

**یا**

چار اَیسے عملوں کی وضاحت کیجیے جو کِسی شے کی قیمت کا تصفیہ کرتے ہوں۔